MUD-001

# MASTER DEGREE PROGRAMME (MDP)

# M.A. URDU (MAUD)

## ASSIGNMENT

(July, 2026 & January, 2027)

## MUD-001

(History of Urdu Language and Literature)

اردو زبان وادب کی تاریخ

## School of Humanities

**Indira Gandhi National Open University**
**Maidan Garhi, New Delhi-110068**

Assignment

# M.A. Urdu (MAUD)

---

## عزیز طلبہ و طالبات

جیسا کہ آپ بخوبی واقف ہیں، اسائنمنٹ آپ کے تعلیمی سفر کا ایک اہم مرحلہ اور پروگرام کی مسلسل جانچ کا مؤثر ذریعہ ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ آپ نے متعلقہ کورس کو توجہ اور دلچسپی سے پڑھا ہو گا اور فراہم کردہ تمام علمی نکات کو سمجھنے کی کوشش کی ہو گی۔ اب وقت ہے کہ آپ اس علم کو عملی طور پر برتیں اور دیے گئے وقت کے اندر اپنے اسائنمنٹ جمع کروائیں، کیونکہ امتحان میں شرکت کی اجازت اسی صورت میں ممکن ہے جب اسائنمنٹ بروقت جمع کیے جائیں۔ ہر کورس کے لیے ایک اسائنمنٹ مقرر ہے، جسے **ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ** (TMA) کہا جاتا ہے۔ یہ 100 نمبروں پر مشتمل ہوتا ہے اور مکمل کورس کے نکات کا احاطہ کرتا ہے۔

## مقصد

اس اسائنمنٹ (TMA) کا بنیادی مقصد یہ جاننا ہے کہ آپ نے فراہم کردہ خود تدریسی مواد کو کس حد تک پڑھا اور سمجھا ہے۔ یہ صرف ایک تحریری مشق نہیں بلکہ ایک ایسا مرحلہ ہے جو آپ کی علمی پختگی، فہم، اور تحریری صلاحیت کو جانچنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ اسائنمنٹ حل کرتے ہوئے نہ صرف آپ اپنی معلومات کو منظم کریں گے بلکہ اس عمل سے آپ کی خود اعتمادی میں بھی اضافہ ہو گا۔ لہٰذا، ہر اکائی کا باریک بینی سے مطالعہ کریں۔ اگر کسی بات میں الجھن ہو تو بلا جھجک اپنے اسٹڈی سینٹر میں موجود کوؤنسلر سے رجوع کریں۔ یاد رکھیے، سوال سے زیادہ اہم یہ ہے کہ آپ سوال کو کس زاویے سے سمجھتے اور اس کا جواب کیسے ترتیب دیتے ہیں۔

## مشورہ

- سوالات کو اچھی طرح پڑھ کر ان کے بنیادی نکات کو سمجھنے کی کوشش کریں۔
- ضروری نکات نوٹ کریں اور جواب کو مربوط اور مدلل انداز میں پیش کریں۔
- کتابوں کی عبارت نقل کرنے سے گریز کریں؛ اپنی زبان اور انداز میں جواب تحریر کریں۔
- سوالات کے جوابات تجزیاتی طرز میں لکھیے اور خیال رکھیے کہ آپ کا ہر جواب مربوط ہو۔
- مضمون نما سوالات کو تمہیدی پیرایے سے شروع کریں اور آخر میں خلاصہ یا نتیجہ ضرور تحریر کریں۔
- جہاں ضروری ہو، وہاں دیگر مستند کتب یا حوالہ جاتی مواد کا ذکر کریں تاکہ آپ کی تحقیقی بصیرت اور مطالعاتی وسعت کا اظہار ہو۔

یاد رکھیں، آپ کے جوابات:

- منطقی اور مربوط ہوں۔
- جملوں اور پیراگراف میں تسلسل ہو۔
- طرزِ تحریر میں یکسانیت اور شفافیت ہو۔
- سوالات کے مطابق ہی مختصر اور جامع ہوں۔

## ہدایت

Term End Examination میں بیٹھنے سے پہلے آپ کو ہر کورس کا اسائن منٹ جمع کرنا ہے۔ اسائن منٹ کی ایک کاپی اپنے پاس محفوظ رکھیے تاکہ گم ہونے کی شکل میں حوالے کے لیے آپ کے پاس اپنا اسائن منٹ موجود ہو۔ ہماری نیک خواہشات آپ کے ساتھ ہیں۔

**Assignment لکھنے سے پہلے حسب ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ پروگرام گائڈ میں Assignment سے متعلق دی گئی ہدایات کا بغور مطالعہ کریں۔

2۔ اپنا نام، رول نمبر، پورا پتہ اور تاریخ، کاپی کے پہلے حصے کی بائیں جانب لکھیں۔

3۔ کاپی کے وسط میں کورس کا نام Assignment نمبر اور اپنے اسٹڈی سینٹر کا نام لکھیں جس سے آپ وابستہ ہوں۔

4۔ آپ کو ہر کورس کا اسائن مینٹ جمع کرنا ہے۔ اگر اسائن مینٹ جمع نہیں کیا تو TEE کے امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**آپ کو اپنے اسائن منٹ کی کاپی کا پہلا صفحہ کچھ اس طرح پُر کرنا چاہیے:**

کورس کا عنوان------------------------------ رول نمبر------------------------------

Assignment نمبر------------------------------ نام------------------------------

اسٹڈی سینٹر کا نام------------------------------------------------------------

5۔ Assignment لکھنے کے لیے A4 سائز کا کاغذ استعمال کریں۔ صفحات الگ الگ نہ ہوں۔

6۔ جواب سے پہلے متعلقہ سوال لکھنا ضروری ہے۔

7۔ Assignment اپنی تحریر میں ہونا چاہیے۔

8۔ Assignment اپنے اسٹڈی سینٹر پر جمع کریں جس سے آپ وابستہ ہوں۔

**Last date for Submission of Assignment:**

| | |
|---|---|
| **For December Examination:** | **31st October** |
| **For June Examination:** | **31st March** |

**نوٹ:** اسائن منٹ جمع کرنے کی آخری تاریخ سے متعلق جاننے کے لئے IGNOU کی ویب سائٹ دیکھتے رہیے۔

**Good Luck**

# ٹیوٹر مارکڈ اسائن منٹ

| | |
|---|---|
| Course Code: | MUD-001 |
| Course Title: | اردو زبان و ادب کی تاریخ |
| Assignment Code: | MUD-001/TMA/2026-2027 |
| Coverage: | 7 Blocks |
| Marks: | 100 |

**نوٹ:- مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔**

(20X5 = 100)

سوال نمبر 1 ہندوستان کے قدیم لسانی اور تہذیبی پس منظر پر سیر حاصل مضمون لکھیے۔

سوال نمبر 2 اردو زبان کے آغاز سے متعلق مختلف نظریات پر سیر حاصل بحث کیجیے۔

سوال نمبر 3 اردو زبان پر عربی، فارسی و دیگر زبانوں کے اثرات پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر 4 کھڑی بولی اور اردو کے لسانی رشتے کو مثالوں کے ساتھ واضح کیجیے۔

سوال نمبر 5 ولی دکنی اور سراج اورنگ آبادی سے متعلق اپنی معلومات بیان کیجیے۔

سوال نمبر 6 اردو کے فروغ میں رجحانات اور تحریکات کے کردار پر تفصیلی مضمون لکھیے۔

سوال نمبر 7 جدیدیت اور مابعد جدیدیت پر ایک نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر 8 کلاسیکی اردو شاعری کی روایت بیان کیجیے۔